سوال

(46) مردے کو قبر میں رکھ کر قل کے ڈھیلے اس کے سرہانے رکھتے ہیں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مردے کو قبر میں رکھ کر قل کے ڈھیلے اس کے سرہانے رکھتے ہیں۔ الخ

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبر پر پتھر وغیرہ کوئی نشان رکھ کر بعد دفن کے مٹی کو جمانے کے لئے پانی ڈالنا حاضرین کا ہاتھوں سے بطور ہمدردی قبر میں مٹی ڈالنا اور دعائے مغفرت کرنا یہ سب مضامین تو احادیث میں آئے ہیں۔ اس کے سوا جو کچھ ہے۔ وہ بدعت قابل ترک ہے۔۔

تشریح

قبر پر لکھنا جواب نامہ کا اور قبل کے ڈھیلے قبر میں رکھنا درست نہیں۔ بلکہ یہ دونوں کام بدعت ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 53

محدث فتویٰ